www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

**Lang. Code : 20**

इस पुस्तिका में **16** पृष्ठ हैं ।
This booklet contains **16** pages.

# ATA-19-I

**प्रश्न-पत्र I / PAPER I**

**उर्दू भाषा परिशिष्ट**

**Urdu Language Supplement**

**भाग IV & V / PART IV & V**

**परीक्षा पुस्तिका संकेत**
**Test Booklet Code**

**A**

**परीक्षा पुस्तिका संख्या**
**Test Booklet No.**

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 15 व 16)पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 15 & 16) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें । / For instructions in Urdu see Page 2 of this Booklet.**

## *परीक्षार्थियों के लिए निर्देश*

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं** ।
2. परीक्षार्थी भाग I, II, III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **A** । यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा I - (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा II - (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए ।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

## *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Parts I, II, III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **A**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language I - (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language II - (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part -V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :
अनुक्रमांक : (अंकों में) ____________________
Roll Number : in figures
: (शब्दों में) ____________________
: in words
परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :
परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :
Facsimile signature stamp of
Centre Superintendent ____________________

**A**

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



امتحان سوالنامہ کوڈ

**A**

# ATA-19-I

**Lang. Code : 20**

پرچہ - I

## ضمیمہ اُردو زبان

حصّہ IV ، V

اس کتابچہ میں **16** صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت 15 ، 16 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) یا حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ **مگر دونوں میں نہیں**۔
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I، II، III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جوابات زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے/کوائف لکھنے کے لیے **صرف کالے/ نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **A** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے **2** پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے دو حصّے ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ______________________

رول نمبر : اعداد میں ______________________

الفاظ میں : ______________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ______________________

امیدوار کے دستخط : ______________________ نگراں کے دستخط ______________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ______________________

www.prepp.in



اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-IV (Q.No. 91-120), if they have opted URDU as Language-I only.**

## حصّہ - IV
## زبان - I
## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر اُنھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 91 تا 99)

آج کے سائنسی دور میں چاند کی زمین پر تحقیق کا کام کافی بڑھ گیا ہے۔ سائنس دانوں کا خیال رہا ہے کہ چاند ایک گول کرّہ ہے جس میں حرارت ہے نہ روشنی، نہ آکسیجن، نہ نباتات، یہ سورج کی روشنی کو آئینہ کی طرح منعکس کرتا ہے اور ہمیں چمکتا نظر آتا ہے۔ ذرا غور سے دیکھیے تو یہ سمجھ میں آ جاتا ہے کہ چاند کا سب سے زیادہ چمک دار حصّہ سورج سے بہت زیادہ قریب رہتا ہے۔ چاند زمین کے گرد بیضوی مدار میں گھومتا ہے۔ ہمیں چاند کا صرف وہ حصّہ نظر آتا ہے جس پر پورے طور سے سورج کی روشنی پڑتی ہے۔ زمین سے چاند تک کا سفر زمین کے ہر سفر سے مختلف ہوتا ہے کیوں کہ خود زمین اور چاند ہر وقت نہایت تیزی کے ساتھ خلا میں سفر کرتے رہتے ہیں اس لیے خلا میں ان کا مقام بدلتا رہتا ہے۔ خلا سے مراد وہ جگہ جو ہوا سے خالی ہو۔ چاند کا سفر ایک خلائی سفر ہے۔ آج کے انسان نے خود چاند پر اتر کر تصاویر اتاریں، راکھ اور پتھر کے نمونے حاصل کیے ان نمونوں کا تجزیہ کیا گیا جن سے پتہ چلا کہ چاند کی زمین پر کاربن موجود ہے۔ چاند سے لائی گئی مٹی اور پتھروں سے اب پتہ چلا کہ چاند پر کسی قسم کی زندگی نہیں۔

**.91** سائنس دانوں کے خیال میں چاند میں کیا نہیں ہے؟
(1) حرارت ہے نہ روشنی، نہ آکسیجن نہ نباتات
(2) روشنی ہے نہ نباتات، نہ آکسیجن
(3) حرارت ہے نہ زندگی، نہ آکسیجن
(4) نمی ہے نہ جاندار، نہ روشنی

**.92** چاند سورج کی روشنی کیسے منعکس کرتا ہے؟
(1) شیشے کی طرح
(2) آئینے کی طرح
(3) ہیرے کی طرح
(4) سونے کی طرح

**.93** چاند زمین کے گرد کس مدار میں گھومتا ہے؟
(1) افقی مدار میں
(2) مخروطی مدار میں
(3) بیضوی مدار میں
(4) عمودی مدار میں

**.94** چاند کا ہمیں کون سا حصّہ نظر آتا ہے؟
(1) جس پر سورج کی ترچھی روشنی پڑتی ہے
(2) جس پر پورے طور پر سورج کی روشنی پڑتی ہے
(3) جس پر سیدھے طور پر سورج کی روشنی پڑتی ہے
(4) جس پر کبھی کبھی سورج کی روشنی پڑتی ہے

**95.** خلا سے مراد کون سی جگہ ہے؟
(1) وہ جگہ جو ہوا سے خالی ہو
(2) وہ جگہ جہاں اندھیرا ہو
(3) وہ جگہ جہاں بادل ہوں
(4) وہ جگہ جہاں سنّاٹا ہو

**96.** چاند سے لائی گئی مٹی اور پتھروں سے کیا پتہ چلا ؟
(1) چاند پر نباتات اور آکسیجن ہے
(2) چاند پر حرارت اور روشنی ہے
(3) چاند پر کسی قسم کی زندگی نہیں
(4) چاند پر نمی اور زندگی ہے

**97.** تصویر کی جمع ہے
(1) تصاویر
(2) تصاویروں
(3) تصوراتوں
(4) تصاویرات

**98.** زمین کا متضاد ہے
(1) آسمان
(2) فرش
(3) کائنات
(4) ارض

**99.** سائنسی دور میں کون سا کام کافی بڑھ گیا ہے؟
(1) خلا پر تحقیق کا کام
(2) بنجر زمین پر تحقیق کا کام
(3) چاند کی زمین پر تحقیق کا کام
(4) آلودگی پر تحقیق کا کام

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 100 تا 105)

درد منّت کشِ دَوا نہ ہوا
میں نہ اچّھا ہوا بُرا نہ ہوا
جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو
اک تماشا ہوا گلا نہ ہوا
ہے خبر گرم اُن کے آنے کی
آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا
کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا
جن دی، دی ہوئی اُسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

**100.** شاعر اپنے محبوب سے کیا شکایت کر رہا ہے؟
(1) راہ گیروں کو جمع کرنے کی
(2) رقیبوں کے جمع کرنے کی
(3) دوستوں کو جمع کرنے کی
(4) عزیزوں کے جمع کرنے کی

**101.** شاعر کا بندگی میں بھلا کیوں نہ ہوا ؟
(1) فرعون کی خدائی کی وجہ سے
(2) شدّاد کی خدائی کی وجہ سے
(3) نمرود کی خدائی کی وجہ سے
(4) ہامان کی خدائی کی وجہ سے

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide



.102 محبوب کے آنے کی خبر سن کر کیوں اداس ہے؟
(1) گھر میں بوریا نہیں ہے
(2) گھر میں کھانا نہیں ہے
(3) گھر میں برتن نہیں ہیں
(4) گھر میں مٹھائیاں نہیں ہیں

.103 حق کی جمع ہے
(1) حقائقوں
(2) حقوق
(3) حقیقتوں
(4) حقوقات

.104 حق تو ہے کہ حق ______ نہ ہوا
ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :
(1) وفا
(2) جفا
(3) ادا
(4) عطا

.105 پہلے مصرعے میں شاعر نے کس کو درد کا منّت کش نہ ہونے دیا ؟
(1) ہوا کا
(2) دَوا کا
(3) وفا کا
(4) جزا کا

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوال کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 106 تا 120)**

.106 مادری زبان پر مبنی کثیر لسانیات کیا ہے؟
(1) صرف مادری زبان کی آموزش
(2) مادری زبان کے ذریعے آموزش
(3) پہلے مادری پھر مزید زبانوں کی آموزش
(4) بہت سی زبانوں اور غیر ملکی زبانوں کی مادری زبان کے طور پر آموزش

.107 اسکول کی تعلیمی پالیسی میں زبان جانی جاتی ہے
(1) کثیر لسانی تعلیم
(2) تعلیم میں زبان
(3) مادری زبان پر مبنی کثیر لسانیت
(4) سہ لسانی فارمولہ

.108 کل زبان کے نظریے سے مراد ہے
(1) ایک مفروضہ کہ آموزگار پہلے حروف اور آواز پھر لفظ، فقروں اور پھر جملوں کے توسط سے زبان سیکھتے ہیں۔
(2) ایک مفروضہ کہ آموزگار زبان کی آموزش زبان کی مختلف اکائیوں اور چھوٹی اکائیوں جیسے آواز اور حروف وغیرہ کو سمجھنے سے کرتے ہیں۔
(3) ایک مفروضہ کی زبان کی آموزش سب سے چھوٹی اکائی حروف تہجّی سے شروع ہوتی ہے۔
(4) ایک مفروضہ کی تمام زبانیں ایک ہی طریقے سے سیکھی جاتی ہیں۔

www.prepp.in
Prepp Your Personal Exams Guide



**109.** زبان کی تدریس کا کون سا رویہ ''یاد کرنے'' کو زبان کی آموزش کا ایک عنصر تسلیم کرتا ہے؟

(1) ساختیاتی رویہ

(2) قواعد کے اجزا کے ترجمے کا رویہ

(3) ترسیلی رویہ

(4) کل جسمانی ردِعمل

**110.** کاویہ زبان کی استاد ہے۔ وہ آموزگاروں سے موضوع کی مناسبت سے الفاظ ڈھونڈھنے اور ایسے الفاظ بتانے کے لیے کہتی ہے جو دوسرے لفظوں کے پہلے یا بعد میں جوڑے جا سکتے ہوں۔ اس حکمت عملی کو کیا کہتے ہیں؟

(1) ترکیب لفظی

(2) لفظوں کا جال

(3) لفظوں کا کھیل

(4) لفظ بنانا

**111.** استاد اپنے آموزگاروں کی زبان کی صلاحیت جانچنے کے لیے سوال تیار کرتا ہے۔ وہ اقتباس کے ہر پانچویں لفظ کو چھوڑ دیتا ہے اور بچوں سے چھوٹے ہوئے الفاظ معلوم کرنے کے لیے کہتا ہے۔ جانچ کے اس طریقۂ کار کو کیا کہتے ہیں؟

(1) اقتباس کو سمجھنے کے لیے پڑھنا

(2) فرہنگ کی جانچ کرنا

(3) خالی جگہوں کو پر کرنا

(4) کلوز ٹسٹ

**112.** بولنے میں صحیح لفظ کو صحیح ترتیب اور تلفظ سے استعمال کرنا ہے

(1) بدن زبان (Body Language)

(2) بولنے کا طریقہ

(3) زبان کا عمل

(4) مستعمل زبان

**113.** کہانی کہنے کو بطور تدریسیاتی آلۂ کار استعمال کیا جاتا ہے

(1) سننے کی سرگرمی میں بچوں کو شامل کرنے کے لیے

(2) بچوں میں بولنے کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے

(3) زبان و ادب کی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے

(4) کلاس روم میں نظم و ضبط بنائے رکھنے کے لیے

**114.** سیاق میں قواعد سے مراد ہے

(1) مشق وعمل سے قواعد کی آموزش

(2) پہلے قواعد کے اصول پھر ان کے عمل کی آموزش

(3) سیاق میں دیکھے اور پڑھے جانے والے فطری زبان کی مثالوں سے آموزش

(4) ایسے ساختیاتی انداز میں زبان کی آموزش جس میں آموزگار سطح کے لحاظ سے ترقی کرتا ہے۔

**.115** درج ذیل میں سے کون مطالعے کی مہارت نہیں ہے ؟

(1) لیکچر کے دوران نوٹ لینا

(2) پڑھنے کے دوران نوٹ لینا

(3) تحقیق کا خاکہ تیار کرنا

(4) کسی پروگرام کا ایجنڈا تحریر کرنا

**.116** درسی کتابوں کے مصنفین ہمیشہ نثری اقتباس، نظم، بیانیہ کو اور اصلی تحریروں کو اپنی کتابوں میں کیوں شامل کرتے ہیں ؟

(1) وہ مستند اور فطری زبان میں ہوتی ہیں

(2) درسی کتابوں کے مصنفین انھیں پسند کرتے ہیں

(3) وہ مشق تیار کرنے میں معاون ہوتی ہیں

(4) وہ مطالعے کے لیے موزوں ہوتی ہیں

**.117** درج ذیل ''کام'' کو کیا کہتے ہیں ؟

استاد اپنی رفتار سے متن کو پڑھ کر سناتا ہے اور آموزگار گروپ میں جلدی جلدی کچھ نکات لکھتے اور پھر بعد میں متن کی دوبارہ تشکیل کرتے ہیں۔

(1) املا

(2) قواعد کا املا

(3) دوبارہ لکھنے کا کام

(4) باہمی املا

**.118** پہلی زبان کو فروغ دینے سے عموماً کیا مراد لیتے ہیں ؟

(1) آموزش

(2) اپنے آپ سیکھنا

(3) فروغ

(4) وقوف

**.119** پہلی جماعت کے استاد کے کلاس میں مختلف مادری زبان بولنے والے بچے ہیں۔ استاد ان بچوں سے مختلف مادری زبانوں میں آداب وتسلیم کے تبادلے کے لیے کہتا ہے۔ اس طرح طلبا روز مختلف زبانوں کے نئے الفاظ سے متعارف ہوتے ہیں۔ اس طرح استاد کیا حکمت عملی اختیار کرتا ہے ؟

(1) کثیر لسانیت بطور ماخذ

(2) بہت سی زبانیں جاننا

(3) تنوع بطور حکمت عملی

(4) یک لسانیت

**.120** درج ذیل میں سے کون آموزگاروں کو زبان سے متعارف کرانے کا مثالی طریقہ نہیں ہے ؟

(1) نظم اور گانے

(2) مستعمل لفظ اور چھوٹے جملے

(3) حروف تہجی کے حروف کی تدریس

(4) بولنے اور سننے میں شرکت

Prepp
Your Personal Exams Guide



اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-V (Q.No. 121-150), if they have opted URDU as Language-II only.**

# حصّہ - V
# زبان - II
## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔

**(سوال نمبر 121 تا 128)**

انسان اپنی جسمانی اور ذہنی محنت و مشقّت کے بعد آرام کا طالب ہوتا ہے۔ اس کے لیے وہ یا تو کہیں تفریح کے لیے جانا پسند کرے گا یا پھر کوئی فلم وغیرہ دیکھے گا۔ ان کے علاوہ کچھ عادتیں بھی اپنا لیتا ہے جیسے پان کھانا، سگریٹ، بیڑی اور سگار پینا یا پھر شراب پینا۔ سگریٹ اور بیڑی وغیرہ تمباکو سے تیار کیے جاتے ہیں۔ تمباکو کے پتوں میں ایک مادہ نکوٹین ہوتا ہے جو کہ اعصابی نظام میں ہیجان پیدا کرتا ہے۔ سگریٹ، بیڑی اور سگار کے دھوئیں میں نکوٹین کے علاوہ کاربن مونوآکسائیڈ گیس بھی پائی جاتی ہے۔ سگریٹ نوشی سے صرف دل کی بیماریاں ہی نہیں ہوتیں بلکہ پھیپھڑوں کے لیے بھی یہ سب سے زیادہ نقصان دہ ہے۔ سگریٹ صرف اس کے پینے والے کے لیے ہی نقصان دہ نہیں ہوتا بلکہ اطراف میں جو لوگ ہوتے ہیں ان کو بھی اتنا ہی نقصان پہنچتا ہے۔

**121.** انسان کب آرام کا طالب ہوتا ہے؟
(1) جسمانی اور ذہنی محنت و مشقّت کے بعد
(2) زیادہ پڑھنے اور لکھنے کے بعد
(3) زیادہ دوڑنے اور تیرنے کے بعد
(4) زیادہ فلمیں دیکھنے کے بعد

**122.** نکوٹین انسان کے کس نظام میں ہیجان پیدا کرتا ہے؟
(1) ہاضمے کے نظام میں
(2) اعصابی نظام میں
(3) دماغی نظام میں
(4) جسمانی نظام میں

**123.** کاربن مونوآکسائیڈ گیس کس میں پائی جاتی ہے؟
(1) لکڑی اور برادے کے دھوئیں میں
(2) حقّہ بیڑی اور سگار کے دھوئیں میں
(3) سگریٹ، بیڑی اور سگار کے دھوئیں میں
(4) میلوں اور فیکٹریوں سے نکلے دھوئیں میں

**124.** جسم کے کس حصّے کے لیے سگریٹ نوشی سب سے زیادہ نقصان دہ ہے؟
(1) دل کے لیے
(2) دماغ کے لیے
(3) پیٹ کے لیے
(4) پھیپھڑوں کے لیے

www.prepp.in



125. سگریٹ کے دھوئیں سے اطراف کے لوگوں کو کیا پہنچتا ہے ؟

(1) نقصان
(2) سکھ
(3) فائدہ
(4) دُکھ

126. نقصان کی جمع ہے

(1) مفید
(2) نقصانات
(3) نقصاناتیں
(4) نقص

127. خاص کا متضاد ہے

(1) عام
(2) اہم
(3) ضروری
(4) خصوصی

128. سگریٹ اور بیڑی کس سے تیار کیے جاتے ہیں ؟

(1) پان کے پتوں سے
(2) ارنڈی کے پتوں سے
(3) تمباکو کے پتّوں سے
(4) پیپل کے پتّوں سے

**ہدایات** : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : (سوال نمبر 129 تا 135)

مولانا ابوالکلام آزاد ہمارے ملک کے ان رہنماؤں میں سے ہیں جن پر ہندوستان ہمیشہ ناز کرے گا۔ وہ بچپن سے بہت ذہین تھے۔ ان کا حافظہ بھی غضب کا تھا۔ جو کتاب ایک بار نظر سے گزر گئی، جو شعر ایک بار کان میں پڑ گیا، وہ عمر بھر کے لیے یاد ہو گیا۔ لکھتے، تقریر کرتے یا باتیں کرتے وقت وہ بڑی آسانی سے کتابوں کے حوالے دیتے تھے۔ مولانا آزاد نے صرف پندرہ برس کی عمر میں ''لسّان الصدق'' نامی پرچہ جاری کیا۔ لوگ اُن اخبار میں ان کے مضامین پڑھتے تو یہی سمجھتے تھے کہ ان کا لکھنے والا کوئی بزرگ عالم ہے۔ انھوں نے اپنے ہم وطنوں میں آزادی کی روح پھونکنے کے لیے اخبار جاری کیا۔ اپنے مضامین کے ذریعے لوگوں میں آزادی کی تڑپ پیدا کی۔ جب ہندوستان آزاد ہوا تو انھیں آزاد ہندوستان کا پہلا وزیرِتعلیم بنایا گیا۔

129. انھوں نے کس عمر میں ''لسان الصدق'' پرچہ جاری کیا ؟

(1) بیس برس کی عمر میں
(2) سولہ برس کی عمر میں
(3) پندرہ برس کی عمر میں
(4) چودہ برس کی عمر میں

130. وہ کتابوں کے حوالے کب دیتے تھے ؟

(1) لکھتے، تقریر کرتے اور باتیں کرتے وقت
(2) باتیں کرتے وقت اور تقریر کرتے وقت
(3) لکھتے اور تقریر کرتے وقت
(4) گفتگو کرتے وقت اور لکھتے وقت

www.prepp.in



**131.** مولانا ابوالکلام آزاد کے مضامین اخبار میں پڑھتے وقت سب کیا سمجھتے تھے؟

(1) لکھنے والا کوئی دانش ور ہے

(2) لکھنے والا کوئی عالم فاضل ہے

(3) لکھنے والا کوئی بزرگ عالم ہے

(4) لکھنے والا کوئی جیّد عالم ہے

**132.** آزادی کے بعد ان کو آزاد ہندوستان کا کیا بنایا گیا؟

(1) پہلا وزیر تعلیم

(2) پہلا وزیر مالیات

(3) پہلا وزیر مواصلات

(4) پہلا وزیر قانون

**133.** مضمون کی جمع ہے

(1) مضامین

(2) مضامینوں

(3) موضوعات

(4) مضاناتوں

**134.** آزادی کا متضاد ہے

(1) قید

(2) غلامی

(3) رہائی

(4) مقیّد

**135.** مولانا ابوالکلام آزاد بچپن سے کیسے تھے؟

(1) ہوشیار

(2) ذہین

(3) محنتی

(4) صحت مند

**ہدایات** : نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 136 تا 150)**

**136.** دفعہ (2)343 کے مطابق آئین ہند استعمال کے لیے کہتا ہے

(1) ہندی بطور سرکاری زبان

(2) ہندی بطور معاون سرکاری زبان

(3) انگریزی بطور سرکاری زبان

(4) انگریزی بطور معاون سرکاری زبان

**137.** درج ذیل میں سے کون کلاسیکی زبان کے پیمانے میں شامل نہیں ہے؟

(1) زبان کی 1500 سے 2000 سال پرانی تاریخ / تحریری مواد ہو

(2) اس زبان میں کچھ قدیم ادب / رزمیے قلم بند کیے گئے ہوں

(3) زبان کا تعلق شیڈیولڈ (scheduled) زبانوں سے نہ ہو

(4) زبان کی اپنی تاریخی روایت ہو اور یہ دوسری زبانوں سے مستعار نہ ہو

**138.** آموزگار کی سننے کی مہارت کا اندازہ قدر کیا جا سکتا ہے

(1) ان کے ساتھ متواتر مشق اور عمل کے ذریعہ

(2) کہانی سنانے کے بعد تفہیم پر مبنی سوالات کے ذریعہ

(3) مزید خاموش مطالعے کے لیے موقع فراہم کرکے

(4) انھیں علمی سیاحت کے لیے باہر لے جاکر

**139.** پڑھنے کے ابتدائی مرحلے میں استاد کو توجہ دینی چاہیے

(1) حروف تہجی یاد کرنے پر

(2) پڑھنے میں روانی پر

(3) حرف-آواز کے مطابق کو فروغ دینے پر

(4) پڑھنے میں درستگی پر

**140.** سننا اور پڑھنا ہیں

(1) اخذی مہارتیں

(2) اظہاری مہارتیں

(3) دل چسپ مہارتیں

(4) غوروفکر کی مہارتیں

**141.** تخلیق کار بچوں کی ضرورت کے مطابق استاد کس کے ذریعے اپنے ردعمل کا اظہار کر سکتے ہیں؟

(1) بچوں کی قواعدی غلطیوں کے بارے میں تفصیلی فیڈ بیک فراہم کر کے

(2) ان کے کاموں کی تعریف اور ان کے کاموں کا حوالہ دیتے ہوئے ان پر خصوصی تبصرہ کر کے

(3) غلطیوں کو نظرانداز کرنے کے لیے کہہ کر

(4) پوری کلاس کے سامنے بہتر تحریر کے لیے گریڈنگ دے کر

**142.** درج ذیل میں سے کون اپنے آپ زبان سیکھنے اور زبان کی آموزش کا بنیادی فرق ہے؟

(1) روانی اور درستگی

(2) زبان سے سابقہ

(3) درستگی اور رفتار

(4) رفتار اور تلفظ

**143.** بطور ماخذ مادری زبان کے استعمال کے بارے میں ذیل میں دیا گیا کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(1) یہ بچوں کی آموزش، غوروفکر اور تبادلۂ خیال میں معاون ہوتی ہے۔

(2) یہ آموزگاروں کے معنی اخذ کرنے کے عمل میں مثبت رول ادا کرتی ہے۔

(3) مادری زبان اہم تدریسیاتی مواقع فراہم کرتی ہے۔

(4) یہ دوسری زبانوں کو نظرانداز کرنے میں معاون ہوتی ہے۔

**144.** ابتدائی سطح پر بچے کی زبان کو فروغ دینے میں سب سے اہم کیا ہے؟

(1) قواعد کا علم

(2) زبان کے لیے مناسب ماحول

(3) زبان کی درسی کتاب

(4) بچے کا اندازۂ قدر

**145.** پورٹ فولیوکس کی مثال ہے؟

(1) ازخود اندازہ قدر

(2) استاد کے ذریعہ اندازہ قدر

(3) ازخود اور استاد دونوں کے ذریعہ اندازہ قدر

(4) ریاستی بورڈ کے ذریعہ اندازہ قدر

**146.** لفظوں پر مبنی معمہ کس کے اضافے میں معاون ہوتا ہے؟

(1) سننے کی مہارت

(2) لکھنے کی مہارت

(3) لفظیات

(4) ادبی معانی

**147.** درج ذیل میں سے کون سننے کی سرگرمی کے اندازۂ قدر کے دوران ضروری نہیں ہے؟

(1) آواز/لفظوں کا تلفظ

(2) موضوع کے مطابق لفظوں کا درست استعمال

(3) لغات اور قاموس کا استعمال

(4) صاف اور واضح آواز

**148.** زبان کے حروف کو آوازوں کے ساتھ ملاکر پڑھنے کی تدریس کا ایک ________ طریقہ ہے۔

(1) راست طریقہ

(2) صوتی طریقہ

(3) کل زبان کا طریقہ

(4) جزو-زبان کا طریقہ

**149.** درسی کتاب سے پرے جانے کا مطلب ہے

(1) درسی کتاب کے علاوہ اضافی تدریسی مواد فراہم کرنا

(2) درسی کتاب کو نظرانداز کرنا اور اس سے پرے جانا

(3) معلومات کو درسی کتاب پر مرکوز ہونا چاہئے

(4) درسی کتاب سے پرے جاکر بچے کو مزید گراں بار نہ کرنا

**150.** استاد تیسری جماعت کے طلبا کو لفافہ بنانے کے بارے میں ہدایات دے رہا ہے۔ بچے اس کی ہدایات پر عمل کرتے ہیں۔ اس طرح کی سرگرمی زبان کی کلاس میں بچے کے لیے معاون ہوتی ہے

(1) لکھنے کی مہارت میں اضافہ کرنے میں

(2) بولنے کی مہارت میں اضافہ کرنے میں

(3) سننے کی مہارت میں اضافہ کرنے میں

(4) تخلیقی مہارت میں اضافہ کرنے میں

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے/ نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کرکے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کا دور میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحال ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کیمونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کیمونی کیشن کو سوئچ آف کرکے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان کے امتحان کو رڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کونگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے/ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔
12. الیکٹرونک/ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/ جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide



**निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :**

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें ।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **काले/नीले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
5. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी । इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए ।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्वीच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए । इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और उनके विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित ।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा । **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान हाज़िरी-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल / कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें । *परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।***

**READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY:**

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Black/Blue Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against them including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his / her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***